کنز المسلم
فی الدنیا و الآخرۃ
صبح وشام کے اذکار
مرتب
شیخ شاہ نواز احمد صدیقی
خادم مجلس تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ، تلنگانہ و آندھرا

كنز المسلم

فی الدنیا والآخرة

صبح وشام کے اذکار

مرتب

شیخ شاہ نواز احمد صدیقی

خادم مجلس تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ، تلنگانہ وآندھرا

تقدیم

مفتی محمد حسنین محفوظ نعمانی

قاضی شریعت دارالقضا، استاذ فقہ وتفسیر وادب عربی معہد ملت

نائب صدر ادارہ صوت الاسلام،

مالیگاؤں (ناسک) مہاراشٹرا

تفصیلاتِ کتاب

نام کتاب	:	کنز المسلم - صبح وشام کے اذکار
مرتب	:	شیخ شاہ نواز احمد صدیقی
صفحات	:	٦٤
سنِ اشاعت	:	ربیع الاول ١٤٣٦ھ مطابق جنوری ٢٠١٥ء
قیمت	:	20/-
تزئین	:	شکیل کمپوزنگ سنٹر 9391110835
طباعت	:	عائشہ آفسیٹ پرنٹرس 9346338145

ملنے کے پتے

[١] دفتر مجلس تحفظِ ختم نبوت ٹرسٹ، تلنگانہ وآندھرا

فون: 9985030527 / 9849436632

[٢] شیخ بشارت احمد صدیقی، ٹولی چوکی، حیدرآباد۔ 9246177335

فہرست

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ وَعَلٰی اٰلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ

گذارشات

۱ **اہمیت** * ہمارے شفیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ پیاری دعائیں امت کو سکھلائیں جن کو پڑھ کر ہم دنیا و آخرت کی بھلائیاں اور نعمتیں حاصل کر سکتے ہیں۔

۲ **طریقہ** * حتی الامکان کوشش کی جائے کہ باوضو ہوں، قبلہ رخ ہوں اور اللہ کی عظمت کا دھیان ہو۔

۳ **وقت** * کچھ اذکار فجر کے بعد اور صبح کے اذکار فجر سے لیکر ظہر کے پہلے پہلے تک اور کچھ اذکار مغرب کے بعد اور شام کے اذکار عصر کے بعد سے رات تک اور کچھ اذکار سونے سے پہلے پڑھنا بہتر ہے۔

۴ **ترتیب** * کتاب کو مختصر بنانے کیلیئے دعاؤں کے فضائل کو کتاب کے آخر میں درج کیا گیا ہے۔

۵ **انتباہ** * صرف ان ہی دعاؤں کی پابندی کو ذریعہ نجات نہ سمجھے بلکہ اسکے ساتھ ساتھ تمام فرائض کی ادائیگی کی جائے۔ تمام سنتوں کا اہتمام کیا جائے، اور شرعی احکامات کی پابندی کی جائے

۶ **التجا** * ساری دعائیں یا کم از کم چند دعائیں روزانہ پابندی سے پڑھنے کا معمول بنائیں۔ اور ان دعاؤں پر نشان لگالیں جنھیں پڑھنے کا ارادہ ہو۔

۷ **احسان** * کتاب میں موجود کسی بھی قسم کی غلطی کی نشاندھی کریں اور اس کتاب کو مزید نافع بنانے کیلیئے اپنے قیمتی مشورہ کو میل کیجیئے۔ shahnawazshil@gmail.com جزاک اللہ

۸ **اشاعت** * جو حضرات لوجہ اللہ اس کتاب کو شائع کر کے فی سبیل اللہ تقسیم کرنا چاہتے ہوں انہیں مرتب کی طرف سے اجازت ہے البتہ مندرجات میں تبدیلی نہ کریں۔

٩ دعا* اس کتاب میں جن لوگوں نے بھی جس طرح بھی حصہ لیا ہم ان کے مشکور ہیں اور اللہ رب العزت ان کی انکے اہل خانہ اور امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مغفرت فرمائے۔اور اس کتاب کو بے حد قبول فرمائے اور میرے والدین کی مغفرت کا ذریعہ بنائے۔آمین

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ - آمین

(قوسین میں لکھی عبارتیں حدیث میں نہیں ہیں)

شیخ شاہ نواز احمد صدیقی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

تقدیم

دعا ایک عبادت ہے، مومن کا ہتھیار ہے، اللہ رب العزت قرآن کریم میں مختلف چیزوں کو ان کی عظمت کے پیش نظر مختلف تعظیمی نام سے ذکر فرماتا ہے۔ مثلاً نماز کے لئے عموماً قرآن کریم میں لفظ صلوٰۃ استعمال ہوا ہے۔ لیکن جب تحویل قبلہ کا معاملہ پیش آیا۔ اللہ نے اپنے پیارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دلی خواہش کے مطابق مسجد الاقصیٰ کے بجائے کعبۃ اللہ زادھا اللہ شرفاً کے جانب رخ کرنے کا حکم دیا۔ چنانچہ فرمایا **قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۠** ہم آپ کے چہرے کو بار بار آسمان کی طرف اٹھتے ہوئے دیکھ رہے ہیں سو ہم آپ کو اسی قبلہ کی طرف جسکو آپ پسند فرماتے ہیں چہرہ کرنے کا حکم دینگے۔ (سورۂ بقرہ: ۱۴۴) اب جو یہ حکم نازل ہوا تو مخالفین نے کہا کہ جو نماز اب

تک مسلمانوں نے پڑھی وہ سب ضائع ہوگئیں۔ اللہ نے اہل ایمان کو تسلی دی اور کہا کہ مَا كَانَ اللّٰهُ لِيُضِيعَ اِيْمَانَكُمْ دیکھئے اللہ رب العزت نے یہاں نماز کے لئے لفظ صلٰوۃ کے بجائے اس کی عظمت کے پیش نظر ایمان کا خوبصورت لفظ استعمال فرمایا۔

اسی طرح اللہ رب العزت نے دعا کی اہمیت کے پیش نظر اس کے لئے بھی بلند و بالا الفاظ استعمال فرمائے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ ط اِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دٰخِرِيْنَ ۝۶۰ تم مجھ سے دعا کرو میں تمہاری (دعا) قبول کرونگا جو لوگ میری عبادت سے منہ موڑتے ہیں۔ عنقریب جہنم میں ذلیل ہوکر داخل ہونگے۔ (سورۂ غافر: ۶۰)

دیکھئے اس آیات مبارکہ میں اللہ رب العزت نے دعا کو عبادت کے لفظ سے تعبیر فرمایا۔ اسی طرح قرآن کریم میں اللہ کریم نے فرمایا فَادْعُوا اللّٰهَ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ تم اللہ کو پکارتے رہو اپنے دین کو خالص کر کے۔ (سورۃ غافر: ۱۴) دیکھئے یہاں بھی اللہ رب

العزت نے دعا کے لئے تعظیماً دین کا لفظ استعمال فرمایا۔ الغرض دعا ایک بڑی اہم چیز ہے اور آج اس سے از حد غفلت برتی جا رہی ہے، یا دعا مانگتے ہی نہیں الا ماشاء اللہ وقت ہی نہیں لوگوں کے پاس کہ تھوڑی دیر دعا میں بھی اللہ سے لو لگائی جائے۔ اور جو کچھ تھوڑے سے دعا کی طرف متوجہ بھی ہوتے ہیں ان میں سے کتنے وہ ہوتے ہیں جن کی دعاوں کا قبلہ اللہ کے غیر کی جانب ہوتا ہے أعاذنا الله منه یاد رہے کے دعا کرنا اور اللہ سے لو لگانا بھی ضروری ہے اور دعا میں اللہ سے مانگنا بھی ضروری ہے یہی سبق ہر بندہ مومن کو سورۃ الفاتحہ کی آیات مبارکہ اس کے لئے بھی بلند و بالا الفاظ استعمال فرمائے چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے:

اِیَّاكَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاكَ نَسۡتَعِیۡنُ ۝۴ ہم تیری ہی عبادت کرتے ہیں (کرتے رہینگے) تجھ سے مدد مانگتے ہیں (مانگتے رہینگے) (سورۃ الفاتحہ: ۴) ایک مرتبہ حضرت جناب کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سواری پر سوار تھے اور آپ کے ساتھ آپ کے چچا زاد بھائی

حضرت عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ بھی سوار تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان سے چند اہم باتیں ارشاد فرمائیں ان باتوں میں دو ۲ باتیں یہ بھی تھیں کے **اِذَا سَئَلۡتَ فَاسۡئَلِ اللّٰهَ وَ اِذَا اِسۡتَعَنۡتَ فَاسۡتَعِنۡ بِاللّٰهِ** (اے عبداللہ) تو جب بھی کوئی چیز مانگے تو اللہ سے مانگنا اور جب کسی معاملہ میں مدد کی ضرورت ہو تو اللہ ہی سے طلب کرنا۔

انہی شرعی روشنیوں اور ایمانی ہدایتوں پر عمل کرتے ہوئے زیر نظر کتابچہ **"کنزالمسلم"** ترتیب دیا گیا ہے، اور اسکے دو ۲ بنیادی مقصد ہیں۔

① کتاب وسنت سے دعا اخذ کرنا اور اللہ اور اسکے بندوں کے درمیان رابطہ کو مظبوط کرنا۔ نیز انہیں اللہ کے غیر اور بے سند باتوں سے دور کرنے کی کوشش کرنا۔

② امت محمدیہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ افراد جو اپنی مصروفیت کا رونا روتے ہیں ان کے لئے ایک ایسا مستند اور مختصر مجموعہ فراہم کرنا کہ وہ

اپنی مصروفیت کے باوجود اپنے پیارے رب سے اپنا ٹوٹا رشتہ استوار کرسکیں اور کم وقت کے باوجود ثواب اور سعادت کثیر تعداد میں حاصل کرسکیں۔

''کنزالمسلم'' کے مرتب شیخ شاہ نواز احمد صدیقی موصوف کا تعلیمی رخ اگرچہ عصری رہا ہے اور وہ بڑے عرصہ سے سعودیہ کی ایک تعمیراتی کمپنی میں ڈیزائین منیجر ہیں۔ لیکن ایک دردمند دل رکھتے ہیں۔ چہرہ بشرہ سے ہندوستانی علماء سے پیچھے نہیں الحمداللہ متشرع ہیں اور ان سب کے ساتھ ساتھ صلحاء اور علماء سے بڑا تعلق بھی ہے۔ مجلس تحفظ ختم نبوت ٹرسٹ، تلنگانہ وآندھرا کے سرگرم خادم اور کارکن ہیں فللہ الحمد موصوف نے بڑی دقت ریزی کے ساتھ اس کتابچہ کو مرتب فرمایا۔ حوالے جمع فرمائے، اور ان دعاوں کے فضائل بھی یکجا کیئے۔ یہ بڑی اہم بات ہے۔ کتاب کی ترتیب کے بعد بڑا اہم مسئلہ پروف کی تصحیح کا مرحلہ ہوتا ہے۔ عزیز موصوف کی سلامتِ طبعی کا یہاں بھی ظہور ہوا۔ وہ اپنے ٹیپ شدہ مسودہ کو لیکر

زامبیا کے دارالخلافہ لسا کا چلے آئے، تاکہ یہاں کسی ذی علم عالم کی نگرانی میں یہ بھی اللہ کی توفیق و عنایت سے پایۂ تکمیل تک پہنچے۔ کسی ذی علم عالم کی ملاقات ان سے ہوئی یا نہیں ہوئی یہ تو کنارے ہوا۔ ان کی ملاقات اس بے بضاعت راقم الحروف عاجز سے ہوگئی اور القصہ مختصر بات مسودہ کی تصحیح پر آٹھہری۔ نہ میں نے پہلے انہیں دیکھا تھا اور نہ ملاقات کی تھی لیکن جب ملے تو معلوم ہوا کہ ہم ایک دوسرے سے غائبانہ بہت پہلے سے واقف تھے۔ خیر کتاب پر تصحیح کا کام مسجد عمر لوسا کا میں اعتکاف کے دوران ہوا۔

جو حضرات مسجد عمر کے اعتکاف سے واقف ہیں جانتے ہیں کہ یہاں حد درجہ عدیم الفرصتی ہوتی ہے اس کے باوجود جیسے بھی بن پڑا اپنی سعادت سمجھ کر یہ کام انجام دیا گیا۔ اس کا اعتراف ھیکہ اول تو یہ عاجز کم علم ہے، دوم سرسری نگاہ سے کام لیا گیا ہے بہت سی غلطیاں اب بھی موجود ہوں گی امید ھیکہ ان سے صرف نظر فرمائیں گے۔ والعذر عند کرام الناس مقبول

کتاب اب آپ کے ہاتھ ہے اور واقعی اسم با مسمی ہے یعنی ایک بندہ مسلم کے لئے خزانہ ہے۔ اللہ تعالی توفیق دے کہ اس کتاب میں موجود دعاؤں کے ذریعہ ہم آخرت کے بینک بیلینس میں خوب اضافہ کرسکیں۔ ایک التجاء اس کتاب سے فائدہ اٹھانے والے بھائیوں اور بہنوں سے یہ ھیکہ جب بھی وہ اپنے اللہ سے دعا کریں۔ اس عاجز کے لئے اسکے اہل خانہ کے لئے اور اسی طرح مرتب کتاب اس کے اھل خانہ کے لئے دعا فرمائیں۔ یہ چند کلمات سعادت حاصل کرنے کی خاطر لکھدیئے گئے۔ اللہ تعالی اس کتاب کو قبول عام فرمائے۔ ایں دعا من واز جملہ جہاں آمین باد

۳۰/رمضان المبارک ۱۴۳۲ھ بعد نماز ظہر

معتکف مسجد عمر لوسا کا زامبیا

والسلام

محمد حسنین محفوظ نعمانی

① جہنم سے نجات

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ ط

(۷ مرتبہ) (فجر اور مغرب کی نماز کے بعد)

② چار مہلک بیماریوں سے حفاظت

سُبْحَانَ اللہِ الْعَظِیْمِ وَبِحَمْدِہٖ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ ط (۳ مرتبہ)

③ چار جنت کے دروازے کھلیں

اَللّٰھُمَّ اھْدِنِیْ مِنْ عِنْدِکَ وَاَفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِکَ وَانْشُرْ عَلَیَّ مِنْ رَحْمَتِکَ وَاَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِکَ (۳ مرتبہ)

۴ چار کلمے وزن میں بہت بھاری

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ عَدَدَ خَلْقِهٖ وَرِضَا نَفْسِهٖ وَزِنَةَ عَرْشِهٖ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهٖ (۳مرتبہ)

۵ علمِ نافع، حلال رزق اور مقبول عمل

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا طَيِّبًا وَّعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا (۱مرتبہ)

۶ ہر شئے سے عافیت

سورۃ الاخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝۱

سورۃ الفلق یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝۱

سورۃ الناس یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝۱ (۳مرتبہ)

⑦ بڑے بڑے کاموں میں آسانی

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّاھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ (۷ مرتبہ)

⑧ نقصانات سے بچاؤ

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ (۳ مرتبہ)

⑨ بندے کے راضی ہونے تک انعام

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ (صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ) نَبِیًّا (۳ مرتبہ)

⑩ جنت کا نصیب ہونا

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَاَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَاصَنَعْتُ اَبُوْٓءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ ؕ (۱ مرتبہ)

⑪ آفات و بلیات سے حفاظت

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ؕ (۱۰ مرتبہ)

⑫ دن رات کی نعمتوں کا شکر ادا

اَللّٰھُمَّ مَا صبح کو (اَصْبَحَ) اور شام کو (اَمْسٰی) بِیْ مِنْ نِّعْمَةٍ اَوْ بِاَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ فَمِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ (۱ مرتبہ)

⑬ دنیا و آخرت کی بھلائیاں مانگی

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ أَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ وَلَا تَكِلْنِيْٓ إِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ (١ مرتبہ)

⑭ جہنم سے آزادی

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْٓ صبح کو (أَصْبَحْتُ) اور شام کو (أَمْسَيْتُ) أُشْهِدُكَ وَأُشْهِدُ حَمَلَةَ عَرْشِكَ وَمَلَآئِكَتَكَ وَجَمِيْعَ خَلْقِكَ أَنَّكَ أَنْتَ اللهُ لَآ إِلٰهَ إِلَّآ أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ (۴ مرتبہ)

⑮ قیامت کے روز سب سے افضل عمل

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ (۱۰۰ مرتبہ)

۱۶ نعمتوں کا مکمل ہونا

اَللّٰھُمَّ اِنِّیٓ صبح کو (اَصْبَحْتُ) اور شام کو (اَمْسَیْتُ) مِنْكَ فِیْ نِعْمَةٍ وَ عَافِیَةٍ وَ سِتْرٍ فَاَتِمَّ عَلَیَّ نِعْمَتَكَ وَعَافِیَتَكَ وَسِتْرَكَ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ (۳ مرتبہ)

۱۷ شفاعت کا حصول

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ

(۱۰ مرتبہ) یا کوئی اور درود

۱۸ زہریلی چیزوں کے ڈسنے سے حفاظت

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ (۳ مرتبہ)

۱۹ جن وانس سے حفاظت

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّیَاطِیْنِ وَاَعُوْذُ بِكَ رَبِّ اَنْ یَّحْضُرُوْنِ ط (۱ مرتبہ)

﴿۲۰﴾ تمام حاجتیں پوری ہوں

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ خَلَقْتَنِیْ وَاَنْتَ تَھْدِیْنِیْ وَاَنْتَ تُطْعِمُنِیْ وَاَنْتَ تُسْقِیْنِیْ وَاَنْتَ تُمِیْتُنِیْ وَاَنْتَ تُحْیِیْنِیْ (۱ مرتبہ)

﴿۲۱﴾ رات کی آفتوں اور شیطان کے دھوکے سے حفاظت

﴿۲۲﴾ جنت کا خزانہ اور ۹۹ امراض کی دوا

لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ (۱۰ مرتبہ)

﴿۲۳﴾ چھ عظیم نعمتوں کا حصول

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط ھُوَالْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ وَالظَّاھِرُ وَالْبَاطِنُ بِیَدِہِ الْخَیْرُ یُحْیٖ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ط (۱۰ مرتبہ)

۲۴ جنات سے حفاظت

آیۃ الکرسی (۱ مرتبہ)

۲۵ شیطان سے حفاظت

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط (۱ مرتبہ)

۲۶ حادثات سے حفاظت

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ رَبِّیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ عَلَیْكَ تَوَكَّلْتُ وَاَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِیْمِ مَاشَآءَ اللّٰہُ كَانَ وَمَالَمْ یَشَاْ لَمْ یَكُنْ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ط اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ وَّاَنَّ اللّٰہَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَآبَّۃٍ اَنْتَ اٰخِذٌ بِنَاصِیَتِھَا ط اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ (۱ مرتبہ)

۲۷ بے شمار اجر و ثواب

ا۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ ب۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ج۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

د۔ اَللّٰهُ اَكْبَرُ (۱۰۰ مرتبہ)

۲۸ ستر ہزار فرشتوں کی دعاء

جو شخص (۳ مرتبہ) اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ؕ اور (۱ مرتبہ) سورۃ الحشر کی یہ آیات پڑھے: هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِىْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ ع (۱ مرتبہ)

۲۹ شب و روز کی حمد و تسبیح کا ثواب

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ حَمْدًا يُّوَافِيْ نِعَمَهٗ وَيُكَافِئُ مَزِيْدَهٗ (۳ مرتبہ)

۳۰ سمندر کے جھاگ کے برابر گناہوں کی معافی

اَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ (۳ مرتبہ)

۳۱ بدن کی عافیت

اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ (۳ مرتبہ)

(۳۲) غموں کا خاتمہ اور قرض کی ادائیگی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْھَمِّ وَالْحُزْنِ، وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَاَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَۃِ الدَّیْنِ وَقَھْرِ الرِّجَالِ

(۳۳) وساوس شیطان سے حفاظت

اَللّٰھُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْکَہٗ اَشْھَدُ اَنْ لَّآ اِلٰہَ اِلَّا اَنْتَ اَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْکِہٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰی نَفْسِیْ سُوْٓءً اَوْ اَجُرَّہٗٓ اِلٰی مُسْلِمٍ

۳۴ دنیا و آخرت کی عافیت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَایَ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰھُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَاٰمِنْ رَوْعَاتِيْ اَللّٰھُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْۢ بَيْنِ يَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَّمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَاَعُوْذُ بِعَظْمَتِكَ اَنْ اُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ (امرتبہ)

۳۵ اللہ کی شان کے مطابق اجر

يَارَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْۢبَغِيْ لِجَلَالِ وَجْهِكَ وَعَظِيْمِ سُلْطَانِكَ (امرتبہ)

۳۶ معمولات کی تلافی

فَسُبْحَانَ اللّٰهِ حِيْنَ تُمْسُوْنَ وَحِيْنَ تُصْبِحُوْنَ وَلَهُ الْحَمْدُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَعَشِيًّا وَّحِيْنَ تُظْهِرُوْنَ يُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَيُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ وَيُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَكَذٰلِكَ تُخْرَجُوْنَ (۱ مرتبہ)

۳۷ جان، اولاد، مال کی حفاظت کی دعا

بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى دِيْنِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى نَفْسِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى اَهْلِيْ بِسْمِ اللّٰهِ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ اَعْطَانِيْ رَبِّيْ (۱ مرتبہ)

صبح کے اذکار

۳۸ سارے مخلوق کے درود کے برابر

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ عَدَدَ مَنْ صَلَّی عَلَیْہِ مِنْ خَلْقِكَ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَا یَنْبَغِیْ لَنَآ اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ نِ النَّبِیِّ کَمَآ اَمَرْتَنَآ اَنْ نُصَلِّیَ عَلَیْہِ (۱۰ مرتبہ)

۳۹ بہترین رزق پائے

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ اَشْھَدُ اَنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (۱ مرتبہ)

دن بھر میں کسی بھی وقت

۴۰ دارین کی نعمتوں کا حصول

حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ (۱ مرتبہ)

۴۱ دین، جان و اولاد کی حفاظت

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ (۱ مرتبہ)

۴۲ بیس لاکھ نیکیاں

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ اَحَدًا صَمَدًا لَّمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّہٗ کُفُوًا اَحَدٌ ؕ (۱ مرتبہ)

۴۳ ستّر فرشتے ستّر دن تک ثواب لکھیں گے

جَزَی اللّٰہُ عَنَّا مُحَمَّدًا مَا ھُوَ اَھْلُہٗ (۱ مرتبہ)

۴۴ شہادت کا درجہ حاصل کرنے کا طریقہ

اَللّٰھُمَّ بَارِكْ لِیْ فِی الْمَوْتِ وَ فِیْ مَا بَعْدَ الْمَوْتِ

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهٖ (۲۵ مرتبہ)

۴۵ اس کا ثواب لکھنا فرشتوں پر دشوار

یَارَبِّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا يَنْبَغِیْ لِجَلَالِ وَجْهِكَ

وَعَظِيْمِ سُلْطَانِكَ (ا مرتبہ)

۴۶ جسے برا بھلا کہا اسکے لئے اللہ سے دعا

اَللّٰھُمَّ فَاَيُّمَا مُؤْمِنٍ سَبَبْتُهُ فَجْعَلْ ذٰلِكَ لَهُ قُرْبَةً

اِلَيْكَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ (ا مرتبہ)

۴۷ دو سیکنڈ میں اربوں نیکیوں کا حصول/مستجاب الدعوات

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ (ا مرتبہ)/(۲۷ مرتبہ)

(۴۸) حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک کے مسلمانوں کی گنتی کے برابر ثواب

رَبِّ اغۡفِرۡلِیۡ وَلِوَالِدَیَّ وَلِلۡمُؤۡمِنِیۡنَ وَالۡمُؤۡمِنَاتِ یَوۡمَ یَقُوۡمُ الۡحِسَابُ (۲۷ مرتبہ)

(۴۹) چار عظیم فائدے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ الۡمُبِیۡنُ (۱۰۰ مرتبہ)

سونے کے وقت کے اذکار

(۵۰) ہر شئے سے عافیت

سورۃ الاخلاص یعنی قُلۡ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۚ ①

سورۃ الفلق یعنی قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ ۙ ①

سورۃ الناس یعنی قُلۡ اَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۙ ① (۳ مرتبہ)

۵۱ اللہ کی طرف سے محافظ مقرر

آیۃ الکرسی (امرتبہ)

۵۲ عرش کے خزانہ سے/تہجد پڑھنے کا اجر

سورۃ البقرہ کی آخری آیت اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے

عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ تک

۵۳ اللہ کے نام کے ساتھ سونا اور جاگنا

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا (امرتبہ)

۵۴ قیامت کے عذاب سے پناہ

اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ (۳مرتبہ)

۵۵ تجدیدِ ایمان

اَللّٰھُمَّ اَسۡلَمۡتُ نَفۡسِیۡۤ اِلَیۡكَ وَفَوَّضۡتُ اَمۡرِیۡۤ اِلَیۡكَ وَوَجَّھۡتُ وَجۡھِیۡ اِلَیۡكَ وَاَلۡجَاۡتُ ظَھۡرِیۡ اِلَیۡكَ ، رَغۡبَةً وَّرَھۡبَةً اِلَیۡكَ لَامَلۡجَاَ وَلَا مَنۡجَاَ مِنۡكَ اِلَّاۤ اِلَیۡكَ اٰمَنۡتُ بِكِتَابِكَ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلۡتَ وَنَبِیِّكَ الَّذِیۡۤ اَرۡسَلۡتَ (۱ مرتبہ)

۵۶ خادم سے بہتر

سُبۡحَانَ اللّٰهِ (۳۳ مرتبہ)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ (۳۳ مرتبہ)

اَللّٰهُ اَكۡبَرُ (۳۴ مرتبہ)

۵۷ اللہ کی تعریف، قرض سے نجات

اَللّٰھُمَّ رَبَّ السَّمٰوٰتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَ النَّوٰی وَ مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْفُرْقَانِ، اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ شَیْءٍ اَنْتَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِهٖ اَللّٰھُمَّ اَنْتَ الْاَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْاٰخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ اِقْضِ عَنَّا الدَّیْنَ وَاَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ (۱ مرتبہ)

۵۸ نفس وشیطان کے شر، شرک سے حفاظت

اَللّٰھُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ کُلِّ شَیْءٍ وَّمَلِیْکَهٗ وَاَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَمِنْ شَرِّ الشَّیْطٰنِ وَشِرْکِهٖ وَاَنْ اَقْتَرِفَ عَلٰی نَفْسِیْ سُوْٓءًا اَوْ اَجُرَّهٗ اِلٰی مُسْلِمٍ (۱ مرتبہ)

۵۹ روح کی پرواز پر رحم، لوٹنے پر حفاظت

بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهٗ اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَارْحَمْهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهٖ عِبَادَكَ الصّٰلِحِيْنَ (۱مرتبہ)

٦۰ قیامت کے روز سفارش

سورۃ الملک (۱مرتبہ)

٦۱ سورۃ الٓمّٓ تَنْزِيْلُ السَّجدۃ (۱مرتبہ)

پانچ نمازوں کے بعد کے اذکار

٦۲ مغفرت کی درخواست

اَسْتَغْفِرُ اللهَ، اَسْتَغْفِرُ اللهَ، اَسْتَغْفِرُ اللهَ،

(۶۳) سلامتی و برکت کی التجا

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (۱مرتبہ)

(۶۴) جنت کے داخلہ میں صرف موت رکاوٹ

آیۃ الکرسی (۱مرتبہ)

(۶۵) سمندر کے جھاگ کے برابر گناہوں کی معافی

سُبْحَانَ اللهِ (۳۳مرتبہ) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۳۳مرتبہ)

اَللهُ اَكْبَرُ (۳۴مرتبہ)

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا اَعْطَيْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا يَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْكَ الْجَدُّ (۱مرتبہ)

۶۶ ہر شئے سے حفاظت

سورۃ الاخلاص یعنی قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ﴿۱﴾

سورۃ الفلق یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ﴿۱﴾

سورۃ الناس یعنی قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ﴿۱﴾ (۱ مرتبہ)

(فجر اور مغرب میں تین تین مرتبہ)

۶۷ یہ دعا کبھی نہ چھوڑو

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَ حُسْنِ عِبَادَتِكَ (۱ مرتبہ)

۶۸ اقرار عبودیت

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّآ اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ

الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَآءُ الْحَسَنُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ (امرتبہ)

۶۹ اجر سے بھرا ہوا پیمانہ

سُبْحَانَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ وَسَلَامٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ (امرتبہ)

۷۰ ستر بار اللہ کی نظر رحمت

سورۃ الفاتحہ پھر آیۃ الکرسی پھر شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ قف وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ پھر قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ

الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ
تَشَآءُ ز وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ط بِيَدِكَ الْخَيْرُ ط
اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ
النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ز وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ز وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ (۱ مرتبہ)

۷۱ جہنم کی آگ نہیں کھائیگی

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ. لَآ اِلٰهَ
اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ. لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ
الْحَمْدُ. لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ (۵ مرتبہ)

فجر کے بعد

① حضرت مسلم بن حارث التیمی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تو صبح کی نماز پڑھ لے تو بات کرنے سے پہلے یہ دعا سات (۷) مرتبہ پڑھ لے پس تو اس دن فوت ہو جائے تو اللہ تعالیٰ تجھے جہنم کی آگ سے آزادی کا پروانہ لکھ دیں گے۔ (احمد، ابوداؤد، ترمذی)

② حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جب تو صبح کی نماز پڑھ لے تو بات کرنے سے پہلے یہ دعا تین (۳) مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ تجھے پاگل پن، کوڑھ، اندھا ہونے، اور فالج کا مریض بننے سے بچا رکھے گا۔ (یعنی ان چاروں امراض سے محفوظ رہیگا) (اوراد مومن)

③ قسم اس ذات کی جس کے قبضہ میں میری جان ہے جو اس دعا کو قیامت کے دن لے کر آئیگا (یعنی جو پابندی سے پڑھے گا) تو اللہ تعالی اس کے لئے جنت کے چار ۴ دروازہ کھول دیں گے جس میں سے چاہے داخل ہو جائے۔ (ابن سنی)

④ جویریہ ام المومنین جویریہ رضی اللہ تعالی عنہا سے روایت ہیکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم انکے گھر سے صبح فجر کی نماز کے لئے نکلے تو وہ خود اپنے گھر کی مسجد میں بیٹھی تھیں پھر جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چاشت کے وقت گھر لوٹے تو فرمایا اے جویریہ آج تو اسی حالت میں گھر کی مسجد میں بیٹھی ہے جس حال میں میں گھر سے نکلتے وقت دیکھ کر گیا تھا؟ عرض کیا جی ہاں، تو فرمایا نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہ میں نے یہاں سے جانے کے بعد ایسے چار کلمے پڑھ لئے ہیں کہ اگر ان کا موازنہ ان سے کیا جائے جو تم نے فجر سے لیکر اب تک پڑھا ہے تو یہ چار کلمے اس سے بھاری ہو جائینگے۔ (مسلم)

⑤ (علمِ نافع، حلال رزق اور مقبول عمل کی التجا) (ابن ماجہ)

صبح وشام کے اذکار

⑥ جو شخص یہ تین سورتیں (تین ۳، تین ۳ مرتبہ) پڑھے اس کی ہر شئے سے کفایت ہوجائیگی۔ (صحیح ترمذی، ابوداؤد)

⑦ جو شخص یہ آیات صبح وشام سات (۷) مرتبہ پڑھ لے تو اس کے بہت سے بڑے بڑے کام اللہ تعالیٰ اپنے ذمہّ لے لیتے ہیں اور وہ آسانی سے پورے ہوجاتے ہیں۔ (مسلم)

⑧ جو شخص یہ کلمہ صبح اور شام کو تین (۳) مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اسے کوئی شئے ضرر (نقصان) نہیں پہنچائے گی۔ (ترمذی، ابوداؤد)

⑨ جو شخص یہ کلمہ صبح اور شام کو تین (۳) مرتبہ پڑھ لے تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اس کو اتنا انعام دیں گے کہ وہ (بندہ) راضی ہوجائے گا۔ (ترمذی)

⑩ جو شخص یہ کلمہ صبح کو ایک (۱) مرتبہ پڑھ لے اور شام سے پہلے موت آجائے تو جنتی ہو گا، اسی طرح سے شام کو ایک (۱) مرتبہ پڑھ لے اور صبح سے پہلے موت آجائے تو جنتی ہو گا مگر یقین کے ساتھ پڑھے۔ (بخاری)

⑪ جو شخص یہ کلمہ صبح و شام دس (۱۰) دس (۱۰) مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے سو نیکیاں لکھ دیگا، اور سو گناہ نامہ اعمال سے مٹا دیگا اور اسے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ملیگا اور اس دن اور اس رات میں آفات و مکروہات سے محفوظ رہے گا۔ (ابن السنی)

⑫ جو شخص صبح شام یہ کلمات ایک (۱) مرتبہ پڑھ لے تو اس نے دن رات کی اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا شکر ادا کیا۔ (ابوداؤد)

⑬ جو شخص اس کلمہ کو ایک (۱) مرتبہ پڑھ لے تو گویا اس نے دنیا و آخرت کی بھلائیاں مانگ لیں۔ (حاکم، الترغیب والترہیب)

⑭ جو شخص صبح شام یہ کلمات چار (۴) مرتبہ پڑھ لے اللہ تعالیٰ جہنم سے اسے آزاد فرما دیتے ہیں۔ (ابوداؤد، بخاری)

⑮ جو شخص سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھ لے اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ بخش دیتے ہیں، اگرچہ وہ سمندر کے جھاگ سے زیادہ ہوں، اور جو شخص روزانہ یہ پڑھے گا قیامت کے دن کوئی اس سے افضل عمل والا نہیں ہوگا، مگر وہ جسنے اس مقدار میں یا اس سے زائد یہ کلمہ پڑھا۔ (مسلم، نسائی، ترمذی)

⑯ حضرت عباس رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص تین (۳) مرتبہ صبح کو اور تین (۳) مرتبہ شام کو پڑھ لے تو وہ حقدار بن جاتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس پر اپنی نعمتیں پوری کریں۔ (ابن السنی)

⑰ جو شخص صبح شام دس (۱۰) مرتبہ مجھ پر درود شریف بھیجے گا اسے قیامت کے دن میری شفاعت نصیب ہوگی۔ (طبرانی، مجمع الزوائد، الترغیب والترہیب)

⑱ حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح شام تین (۳) مرتبہ یہ کلمہ پڑھ لے تو کسی

(زہریلی چیز) کے ڈسنے سے اس رات اس کو کوئی نقصان نہیں ہوگا اور نہ ہی اس دن میں اس کو کوئی نقصان ہوگا۔ (رواہ ابن حبان)

⑲ جو شخص صبح شام یہ کلمات ایک مرتبہ پڑھے تو جن و انسان سے حفاظت ہوگی۔ (صحیح الترمذی ۳۵۲۸، رحمتوں والے اعمال)

⑳ حضرت حسن بصری رحمۃ اللہ علیہ فرماتے ہیں کہ حضرت سمرہ بن جندب رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں تمہیں ایک ایسی حدیث نہ سناؤں جو میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کئی مرتبہ سنی ہے اور حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ اور حضرت عمر رضی اللہ عنہ سے بھی کئی مرتبہ سنی ہے میں نے عرض کیا ضرور سنائیں حضرت سمرہ رضی اللہ عنہ نے فرمایا جو شخص صبح شام یہ کلمات ایک مرتبہ پڑھے تو جو اللہ تعالیٰ سے مانگے گا تو اللہ تعالیٰ ضرور عطا فرمائینگے۔ (الطبرانی، مجمع الزوائد جلد ۱۰ صفحہ ۱۲۰)

㉑ جو شخص صبح شام اور سوتے وقت دس (۱۰) مرتبہ یہ کلمہ پڑھے صبح پڑھنے سے اللہ کے غصہ سے بچا رہے گا، شام میں پڑھنے سے شیطان کے دھوکے سے بچا رہے گا، سوتے وقت پڑھنے سے

رات کی آفتوں سے بچا رہے گا۔

(۲۲) یہ کلمہ جنت کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے اور یہ ۹۹ مرضوں کی دوا ہے جن میں سب سے کم درجے کا مرض غم ہے۔ (نسائی، بیہقی) اللہ تعالیٰ ضرور اس کو عطا فرمائیں گے۔ (بکھرے موتی)

(۲۳) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا، اے عثمان! جو شخص یہ کلمات صبح شام دس (۱۰) مرتبہ پڑھیگا اللہ تعالیٰ اسے چھ ۶ نعمتوں سے نوازیگا۔ [۱] شیطان اور اسکے لشکر سے اسکی حفاظت کی جائے گی۔ [۲] اسے اجر وثواب کا بڑا ڈھیر دیا جائیگا۔ [۳] حورعین سے اس کا نکاح کیا جائیگا۔ [۴] اس کے گناہ معاف کردیئے جائینگے۔ [۵] وہ جنت میں ابراھیم علیہ السلام کے ساتھ ہوگا۔ [۶] بارہ ۱۲ فرشتے موت کے وقت حاضر ہونگے اور اسکو جنت کی بشارت سنائیں گے اور اس کو قبر سے عزت واحترام کے ساتھ لے جائینگے اگر وہ قیامت کے ہولناک حالات سے گھبرائیگا تو فرشتہ اس کو تسلی دیں گے اور کہیں گے کہ گھبراؤ نہیں تم قیامت کی ہولناکیوں سے امن میں رہنے والوں

میں سے ہو پھر اللہ تعالیٰ اس سے آسان ترین حساب لیگا اور جنت میں لے جانے کا حکم دے گا۔ چنانچہ فرشتہ اسے میدان حشر سے جنت کی طرف عزت و احترام سے پہنچائینگے جیسے دلہن کو لیجایا جاتا ہے، اور اللہ تعالیٰ کے حکم سے فرشتے اس کو جنت میں داخل کردینگے جبکہ دوسرے لوگ حساب و کتاب کی شدت میں مبتلا ہونگے۔ (روح المعانی)

(۲۴) جو شخص آیۃ الکرسی صبح کے وقت ایک مرتبہ پڑھ لے تو شام تک جنات سے محفوظ رہے گا اور جو شام کو ایک مرتبہ پڑھ لے تو صبح تک محفوظ رہے گا۔ (حاکم، نسائی، طبرانی)

(۲۵) حضور صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جو شخص یہ کلمہ صبح ایک مرتبہ پڑھ لے تو شام تک شیطان (کے شر) سے اس کی حفاظت کی جائیگی۔ (کنزل العمال)

(۲۶) طلق بن حبیب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک آدمی حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ کی خدمت میں حاضر ہوا اور کہا کہ تمہارا مکان جل گیا، انہوں نے کہا نہیں جلا، پھر دوسرا شخص آیا اور اس نے بھی یہی خبر دی حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے کہا نہیں جلا، تیسرے شخص نے آکر یہ خبر

دی کہ آگ لگی اور اس کے شرارے بلند ہوئے جب تمہارے مکان تک آگ پہنچی تو بجھ گئی اس پر حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے کہا کے مجھے معلوم تھا کہ اللہ تعالی ایسا نہیں کریگا، اس نے کہا کہ ہمیں نہیں معلوم کہ ہم تمہاری کس بات پر تعجب کریں آیا نہیں جلا (جو تم نے کہا) یا معلوم تھا کہ اللہ پاک نہیں جلائے گا، حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے سنا آپ نے فرمایا جو شخص یہ دعا صبح پڑھ لے تو شام تک اور شام کو پڑھ لے تو صبح تک کسی مصیبت وحادثہ میں گرفتار نہ ہوگا اور میں نے اسے پڑھ لیا تھا۔ (کنزل العمال)

۲۷ (ا) جو شخص صبح شام سو ۱۰۰ مرتبہ یہ کلمہ پڑھے تو وہ ایسا ہے جیسے اس نے سو ۱۰۰ حج کیئے۔ (ب) جو شخص صبح شام سو ۱۰۰ مرتبہ یہ کلمہ پڑھے تو وہ ایسا ہے جیسے اس نے سو ۱۰۰ مرتبہ گھوڑوں پر اللہ کی راہ میں مجاہدین کو سوار کیا، یعنی جہاد کے لئے سو ۱۰۰ گھوڑے دیئے یا فرمایا سو ۱۰۰ جہاد کیا۔ (ج) جو شخص صبح شام سو ۱۰۰ مرتبہ یہ کلمہ پڑھے تو وہ ایسا ہے جیسے اس نے حضرت اسماعیل ؑ کی اولاد میں

سے سوغلام آزاد کیئے۔(د) جو شخص صبح شام سو ۱۰۰ مرتبہ یہ کلمہ پڑھے تو اس سے اس روز کوئی شخص افضل نہ ہوگا، سوائے اس شخص کے جس نے یہ کلمات اتنی ہی بار یا اس سے زیادہ کہے ہوں حج کیئے۔ (رحمتوں والے اعمال)

۲۸ جو شخص تین ۳ مرتبہ اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھ کر سورۂ حشر کی آیات صبح وشام ایک ایک مرتبہ پڑھے تو صبح سے شام تک اور شام سے صبح تک ستر ہزار فرشتے اس کے لئے دعاءِ مغفرت کرتے رہتے ہیں، اور اگر اسی دن یا رات مرجائے تو شہیدوں میں شمار کیا جائیگا۔ (ترمذی، دارمی، ابن السنی)

۲۹ حضرت آدم علیہ السلام جب جنت سے دنیا میں تشریف لائے اور کسب معشیت میں منہمک ہوگئے تو ایک دن بارگاہ الٰہی میں عرض کیا کہ اے اللہ میں کسب معشیت میں مشغول ومنہمک ہوگیا، مجھے ایسی چیز بتلادے جس میں تمام حمد وتسبیح آجائے، یعنی اس کے پڑھنے سے وہ اجر ملتا رہے جو روز وشب کی تسبیح میں ملتا ہے۔

اللہ تبارک وتعالیٰ نے ان پر وحی نازل فرمائی کہ اے آدم ان کلمات کو صبح وشام تین ۳ تین ۳ مرتبہ پڑھا کرو۔ (عدۃ الصابرین صفحہ ۲۲۹،

عمل مختصر اور ثواب زیادہ)

(۳۰) جو شخص اس کلمہ کو تین ۳ مرتبہ صبح وشام پڑھے گا اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ (خواہ سمندر کے جھاگ کے برابر بھی ہوں) معاف فرمادیگا۔ (حصن حصین)

(۳۱) (بدن کی عافیت) (ابوداؤد، ابن ماجہ)

(۳۲) حضرت ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم مسجد میں داخل ہوئے تو اچانک ایک انصاری صحابی نظر آئے جن کا نام ابوامامہ رضی اللہ عنہ تھا فرمایا اے ابوامامہؓ کیا بات ہیکہ تم غیر نماز کے وقت مسجد میں بیٹھے نظر آرہے ہو۔ پس وہ بولے پریشانیوں اور قرضوں نے جکڑ رکھا ہے اے اللہ کے رسولؐ۔ فرمایا (رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے) کیا میں تمہیں دعا کا ایسا تحفہ نہ پیش کروں جب وہ پڑھنے لگو گے تو اللہ تعالیٰ تمہاری پریشانی کو دور کردے گا اور

تمہارا قرضہ ادا کر دے گا (حضرت ابی سعید خدری رضی اللہ عنہ) فرماتے ہیں انہوں نے عرض کیا کیوں نہیں یارسول اللہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا جب صبح ہو اور شام ہو تو یہ دعا پڑھا کرو۔ ابو امامہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے اسی طرح کیا تو پس اللہ تعالی میری پریشانی کو دور کر دیا اور میرا قرضہ ادا کروا دیا۔ (ابوداؤد)

۳۳ صبح و شام کے وقت ایک (۱) مرتبہ پڑھنے سے شیطان کے وساوس سے اس کی حفاظت ہوتی ہے۔ (ابوداؤد، صحیح ترمذی)

۳۴ (دنیا و آخرت کی عافیت) (ابن ماجہ)

۳۵ جو شخص اس کلمہ کو ایک (۱) مرتبہ صبح و شام پڑھیگا اللہ تعالیٰ اس کو اپنی شان کے مطابق اجر دے گا۔ (احمد، ابن ماجہ)

۳۶ جو شخص صبح کو یہ آیتیں پڑھ لے تو اس کے دن کے تمام اذکار کی کمی پوری ہو جاتی ہے اور شام کو پڑھ لے تو رات کے تمام اذکار کی کمی پوری ہو جاتی ہے۔ (صحاح ستہ)

۳۷ حضرت انس رضی اللہ عنہ بہت مالدار تھے کسی نے ان سے

مالداری کا راز پوچھا تو آپ نے عرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے ایک دعا سیکھائی تھی جسکو میں صبح وشام کو پڑھتا ہوں جسکی وجہ سے اللہ تعالی میری میری اولاد کی اور میرے مال کی حفاظت بھی کرتے ہیں اور برکت بھی ڈالتے ہیں۔ (صحاح ستہ)

ساری مخلوق کے درودوں کے برابر

(۳۸) حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس تھا اچانک ایک شخص حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس آئے اور سلام کیا رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کے سلام کا جواب دیا اور آپ کا چہرہ انور خوشی سے کھل اٹھا، وہ صاحب (جس کام کے لئے آئے تھے وہ اپنا کام کر چکے تو جانے کے لئے) اٹھے اور کچھ دور چلے گئے تو رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھ سے فرمایا اے ابوبکر یہ ایسا شخص ہیکہ روز آنہ (تمام

روئے) زمین کے رہنے والوں کے برابر اس (اکیلے شخص) کے عمل (اللہ تعالیٰ کے یہاں) پہنچائے جاتے ہیں حضرت ابوبکر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے عرض کیا (یارسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) یہ (اتنا ثواب روزآنہ) کیوں ملتا ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا یہ جب بھی صبح اٹھتا ہے تو مجھ پر دس مرتبہ (ایسا) درود شریف پڑھتا ہے (جو اپنے ثواب میں) ساری مخلوق کے درودوں کے برابر ہے میں نے عرض کیا (یارسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم) وہ کیا درود ہے؟ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا وہ درود یہ ہے۔ (دار قطنی، ابن ماجہ)

(۳۹) حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا جو شخص صبح یہ دعا پڑھ لے اس دن بہترین رزق سے نوازا جائے گا اور برائیوں سے محفوظ رہے گا۔ (ابن سنی، کنزل العمال)

(۴۰) جو شخص یہ آیات ایک (۱) مرتبہ پڑھے، جب صحابہ نے

کرام رضی اللہ تعالیٰ عنہم نے اس کو پڑھا تو اللہ تعالیٰ نے ان کو
دونوں جہان کی نعمتوں سے نوازا۔ (ترمذی)

(۴۱) جو شخص یہ کلمات پڑھے گا اسکے دین، جان واولاد کی
حفاظت ہوگی۔ (کنزل العمال)

(۴۲) حضرت عبداللہ بن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول
اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا جو شخص اس کلمہ کو ایک (۱) مرتبہ کہے تو
اللہ تبارک وتعالیٰ اس کے لئے بیس ۲۰ لاکھ نیکیاں لکھیں گے۔

(۴۳) حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہیکہ جو شخص یہ کلمہ کو
ایک (۱) مرتبہ پڑھے (تو اللہ پاک اس کلمہ پر اس کو اتنا ثواب
عطا فرماتا ہے کہ) ستر فرشتے ستر دن تک اس کا ثواب لکھیں تو
نہ لکھ سکیں۔ (کنزل العمال)

(۴۴) جو شخص اس کلمہ کو پچیس (۲۵) مرتبہ پڑھے گا (موت کو
یاد کریگا) تو وہ اللہ تعالی کے حکم سے شہادت کی موت سے سرفراز
ہوگا۔ (مرقاۃ جلد ۵ صفحہ ۲۷۰)

۴۵ حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالی کے ایک نیک بندے نے یہ دعا پڑھی تو اس کا ثواب لکھنا فرشتوں پر دشوار ہو گیا کی کیسے لکھیں؟ تو اللہ تعالی جانتے ہوئے بھی کہ اس بندے نے یہ دعا پڑھی ہے فرشتوں سے سوال کرتے ہیں کہ کیا پڑھا میرے اس بندے نے، تو فرشتوں نے عرض کیا کہ یہ کلمہ پڑھا تو اللہ تعالی نے فرمایا کہ فی الحال اسی طرح لکھدو جس طرح اس نے پڑھا ہے جب میرا بندہ مجھے ملیگا اس وقت میں ہی اسکا بدلہ اور ثواب اس کو دونگا۔ (احمد، ابن ماجہ)

۴۶ ابو ھریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ یا اللہ جس مومن کو میں نے برا بھلا کہا تو قیامت کے دن اس کو قربت کا ذریعہ بنا دے۔ (بخاری)

۴۷ جس کسی نے (یہ کلمہ پڑھا) تمام مومنین ومومنات کی مغفرت کی دعا کی تو اللہ تعالیٰ کے ہاں اسکے لئے ہر مومن اور مومنہ

کے بدلے نیکی لکھ دی جاتی ہے۔ (جامع الصغیر) / جو شخص دن میں پچیس (۲۵) یا ستائیس (۲۷) مرتبہ یہ کلمہ پڑھتا ہے وہ اللہ تعالیٰ کے نزدیک ان مستجاب الدعوات لوگوں میں شامل ہوجائے گا جن کی دعاؤں سے زمین والوں کو رزق دیا جاتا ہے۔ (حصن حصین)

۴۸ جو شخص یہ کلمہ ستائیس (۲۷) مرتبہ پڑھے اللہ تعالیٰ حضرت آدم علیہ السلام سے لے کر قیامت تک کے مسلمانوں کی گنتی کے برابر ثواب عطا فرمائیگا۔

۴۹ جو شخص اس کلمہ کو سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھے تو (یہ کلمات) اس کے لئے فقر و فاقہ سے حفاظت کا ذریعہ اور قبر کی وحشت و تنہائی میں انسیت کا باعث ہونگے اور ان کلمات کی (برکت) سے پڑھنے والا غنیٰ (ظاہری و باطنی مالداری) حاصل کر لیگا اور (قیامت کے دن) ان کلمات کی برکت سے وہ جنت کے دروازہ پر دستک دیگا۔ (یعنی جنت میں داخل ہوگا) (ابو نعیم، الدیلمی، مسند الفردوس)

سونے کے وقت کے اذکار

۵۰ دونوں ہاتھ کی ہتھیلیاں ملا کر یہ تینوں سورتیں پڑھیں اور ہتھیلیوں پر پھونک ماریں اور دونوں کو اپنے جسم پر جہاں تک ممکن ہو پھیریں، سر، چہرے اور جسم کے سامنے کے حصّہ سے شروع کریں اور اس عمل کو تین دفعہ دہرائیں۔ (بخاری)

۵۱ جب تم بستر پر جاؤ اور آیۃ الکرسی پڑھ لو تو اللہ کی طرف سے ایک محافظ مقرر ہو جائیگا اور شیطان صبح تک تمہارے قریب بھی نہ آسکے گا۔ (بخاری)

۵۲ جو شخص سورۃ البقرہ کی آخری آیت اٰمَنَ الرَّسُوْلُ سے عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ تک پڑھتا ہے یہ اس کے لئے کافی ہو جاتی ہیں۔ (بخاری، مسلم) ابن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے دو ۲ آیتیں جنت کے

خزائن میں سے نازل فرمائی ہیں جسکو تمام مخلوق کی پیدائش سے دو ہزار سال پہلے خود رحمٰن نے اپنے ہاتھ سے لکھ دیا تھا، جو شخص ان کو عشاء کی نماز کے بعد پڑھ لے تو وہ اس کے لئے قیام اللیل یعنی تہجد کے قائم مقام ہو جاتی ہیں۔ (مستدرک حاکم) رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ سورۃ بقرہ کو ان دو آیتوں پر ختم فرمایا ہے جو مجھے اس خزانہ خاص سے عطاء فرمائی ہیں جو عرش کے نیچے ہے۔ اس لئے تم خاص طور پر ان آیتوں کو سیکھو، اور اپنی عورتوں اور بچوں کو سکھاؤ اسی لئے حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ اور علی مرتضیٰ رضی اللہ عنہ نے فرمایا ہمارا خیال یہ ہے کہ کوئی آدمی جس کو کچھ بھی عقل ہو وہ سورۂ بقرہ کی ان دو آیتوں کو پڑھے بغیر نہ سوئے گا۔ (بیہقی)

۵۳ (اللہ کے نام کے ساتھ سونا اور جاگنا) (بخاری، مسلم)

۵۴ جب نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سونا چاہتے تو اپنا دایاں ہاتھ اپنے دائیں رخسار (گال) کے نیچے رکھتے اور یہ دعا پڑھتے۔

(ابوداؤد، ترمذی)

۵۵ (تجدیدِ ایمان) (بخاری، مسلم)

۵٦ جو شخص بستر پر لیٹتے وقت سُبْحَانَ اللهِ (۳۳ مرتبہ) اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ (۳۳ مرتبہ) اَللهُ اَکْبَرُ (۳۴ مرتبہ) پڑھے گا تو یہ اس کے لئے ایک خادم سے بہتر۔ (بخاری، مسلم)

۵۷ (اللہ کی تعریف، قرض سے نجات) (مسلم)

۵۸ (نفس وشیطان کے شر، شرک سے حفاظت) (بخاری، مسلم)

۵۹ جب تم میں سے کوئی شخص بستر سے اٹھے اور دوبارہ بستر کی طرف آئے تو اسے اپنے چادر کے دامن سے تین مرتبہ جھاڑے اور بِسْمِ اللهِ کہے۔ کیا معلوم کہ اس کے بعد کیا چیز آ گئی ہو۔ اور جب لیٹے تو یہ دعا پڑھے۔ (بخاری، مسلم)

٦٠ حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ کتاب اللہ میں ایک ایسی سورت ہے جسکی آیتیں تو صرف تیس ہیں قیامت کے روز یہ سفارش کریں گی یہاں تک کے اس کو جہنم سے نکال کر جنت میں داخل کر دیں گی اور وہ

سورۃ الملک ہے۔ (قرطبی، ترمذی)

٦١ (ترمذی)

پانچ نمازوں کے بعد کے اذکار

٦٢ (مغفرت کی درخواست) (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، احمد)

٦٣ (سلامتی اور برکت کی التجا) (ابوداؤد، ترمذی، ابن ماجہ، احمد)

٦٤ جو شخص ہر نماز کے بعد آیۃ الکرسی پڑھے، اسے جنت میں داخل ہونے سے موت کے سوا کوئی چیز نہیں روکے گی۔ (نسائی، صحیح الجامع)

٦٥ جو شخص ہر نماز کے بعد یہ ذکر کریگا اس کے گناہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں تب بھی معاف ہو جاتے ہیں۔ (مسلم)

٦٦ (ہر شئے سے حفاظت) (صحیح ترمذی، ابوداؤد)

٦٧ حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہیکہ نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا اے معاذ اللہ کی قسم میں تم سے محبت

کرتا ہوں، میں نے عرض کیا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں اللہ کی قسم مجھے بھی آپ سے محبت ہے، حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا اے معاذ میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کی تم نماز کے بعد یہ دعا کبھی نہ چھوڑنا ہمیشہ مانگنا۔ (ابوداؤد، نسائی، کنزل العمال)

⑥⑧ (اقرار عبودیت) (مسلم)

⑥⑨ حضرت عبداللہ ابن ارقم رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعًا روایت کرتے ہیں کہ جس شخص نے ہر نماز کے بعد یہ دعا پڑھی اس نے اجر سے بھرا ہوا پیمانہ حاصل کرلیا، یعنی اسے نماز کا پورا پورا اجر مل گیا۔

(ابوداؤد، ترمذی، نسائی)

⑦⓪ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعًا روایت ہے کہ جب سورۃ الفاتحہ ، آیۃُ الکرسی ، شَھِدَ اللہُ اور قُلِ اللّٰھُمَّ نازل ہوئی تو عرش سے معلق ہوکر فریاد کی کی کیا آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل کررہے ہیں جو گناہ کا ارتکاب کرینگے، ارشاد فرمایا کہ قسم ہے میری عزت وجلال اور ارتفاع مکان کی کہ جو لوگ

ہر فرض نماز کے بعد تمہاری تلاوت کرینگے ہم ان کی مغفرت فرمائینگے اور جنت الفردوس میں جگہ دینگے اور روز ستر مرتبہ نظر رحمت سے دیکھیں گے اور اس کی ستر حاجتیں پوری کرینگے، جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے۔ بعض روایتوں میں ہے کہ ہم اس کے دشمنوں پر غلبہ عطا کرینگے۔ (تفسیر روح المعانی)

مہینہ میں ایک بار

(۷۱) ہمارے شفیق نبی اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جس شخص نے اپنی بیماری میں یہ کلمات کہے اور پھر اسی بیماری میں مرگیا تو اس کو آگ نہیں کھا سکے گی۔ اس کے بعد نسائی نے زیادہ کیا ہے کہ اپنی انگلیوں پر پانچ (۵) مرتبہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے گن کر فرمایا جس نے کہا ان پانچ (۵) کلمات کو دن میں یا رات میں یا مہینہ میں پھر اس دن یا رات میں یا اس مہینہ میں مرگیا تو اس کے گناہ بخش دئے جائیں گے۔ (نسائی)

اسمائے حسنیٰ هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اَلرَّحْمٰنُ	اَلرَّحِيْمُ	اَلْمَلِكُ	اَلْقُدُّوْسُ	اَلسَّلَامُ	اَلْمُؤْمِنُ
اَلْمُهَيْمِنُ	اَلْعَزِيْزُ	اَلْجَبَّارُ	اَلْمُتَكَبِّرُ	اَلْخَالِقُ	اَلْبَارِئُ
اَلْمُصَوِّرُ	اَلْغَفَّارُ	اَلْقَهَّارُ	اَلْوَهَّابُ	اَلرَّزَّاقُ	اَلْفَتَّاحُ
اَلْعَلِيْمُ	اَلْقَابِضُ	اَلْبَاسِطُ	اَلْخَافِضُ	اَلرَّافِعُ	اَلْمُعِزُّ
اَلْمُذِلُّ	اَلسَّمِيْعُ	اَلْبَصِيْرُ	اَلْحَكَمُ	اَلْعَدْلُ	اَللَّطِيْفُ
اَلْخَبِيْرُ	اَلْحَلِيْمُ	اَلْعَظِيْمُ	اَلْغَفُوْرُ	اَلشَّكُوْرُ	اَلْعَلِيُّ
اَلْكَبِيْرُ	اَلْحَفِيْظُ	اَلْمُقِيْتُ	اَلْحَسِيْبُ	اَلْجَلِيْلُ	اَلْكَرِيْمُ
اَلرَّقِيْبُ	اَلْمُجِيْبُ	اَلْوَاسِعُ	اَلْحَكِيْمُ	اَلْوَدُوْدُ	اَلْمَجِيْدُ
اَلْبَاعِثُ	اَلشَّهِيْدُ	اَلْحَقُّ	اَلْوَكِيْلُ	اَلْقَوِيُّ	اَلْمَتِيْنُ
اَلْوَلِيُّ	اَلْحَمِيْدُ	اَلْمُحْصِيُ	اَلْمُبْدِئُ	اَلْمُعِيْدُ	اَلْمُحْيِي
اَلْمُمِيْتُ	اَلْحَيُّ	اَلْقَيُّوْمُ	اَلْوَاجِدُ	اَلْمَاجِدُ	اَلْوَاحِدُ
اَلصَّمَدُ	اَلْاَحَدُ	اَلْقَادِرُ	اَلْمُقْتَدِرُ	اَلْمُقَدِّمُ	اَلْمُؤَخِّرُ
اَلْاَوَّلُ	اَلْاٰخِرُ	اَلظَّاهِرُ	اَلْبَاطِنُ	اَلْوَالِي	اَلْمُتَعَالِ
اَلْبَرُّ	اَلتَّوَّابُ	اَلْمُنْتَقِمُ	اَلْعَفُوُّ	اَلرَّؤُوْفُ	مَالِكُ الْمُلْكِ
ذُوالْجَلَالِ	وَالْاِكْرَامِ	اَلْمُقْسِطُ	اَلْجَامِعُ	اَلْغَنِيُّ	اَلْمُغْنِي
اَلْمَانِعُ	اَلضَّارُّ	اَلنَّافِعُ	اَلنُّوْرُ	اَلْهَادِي	اَلْبَدِيْعُ
اَلْبَاقِي	اَلْوَارِثُ	اَلرَّشِيْدُ	اَلصَّبُوْرُ	ان اسماء کو پڑھ کر دعا کرنے سے دعا قبول ہوتی ہے	

موت کا حملہ اچانک کیسا لگا

عاقبت کو بھول بیٹھا فکر دنیا کے لئے / موت کا حملہ اچانک بے خبر کیسا لگا

یوں تو تو دنیا میں کرتا رہا لمبے سفر / گھر سے چل کر قبر تک چھوٹا سفر کیسا لگا

ہنستے ہنستے تو نے دنیا میں گذاری زندگی / اب بتا زیر زمیں یہ تنگ گھر کیسا لگا

طاقت و دولت کے بل بوتے پہ تو مغرور تھا / چھن گیا تجھ سے تیرا مال و زر کیسا لگا

تو جھروکوں سے مناظر دیکھتا تھا دل نشیں / قبر کا تاریک گھر بے دام در کیسا لگا

آگے پیچھے گھوما کرتے تھے حلقہ بگوش / آخرت کا یہ سفر بے ہم سفر کیسا لگا

دفن کر کے قبر میں سب بے رخی سے چل دئے / جس سے تو مانوس تھا اب وہ بشر کیسا لگا

تو ہنسا کرتا تھا اوروں کو پریشان دیکھ کر / چل دیا اپنوں کو روتا دیکھ کر کیسا لگا

اب نہ وہ تکیہ ملائم اب نہ وہ بستر مخملی / جسم پر دو گز کفن مٹی پہ سر کیسا لگا

سننے والو غور سے جو کچھ سنا کچھ تو کہو / ناصح کی ان صاف باتوں کا اثر کیسا لگا

اب تو تو اللہ سے ڈر غفلت کو چھوڑ بندۂ خدا / کر کے توبہ اے بندے اپنے رب کے پاس آ

وہ جو معافی کو پسند کرتا ہے رب کریم ہے / اسکے در پہ آ کے بندے اب تو تو سر کو جھکا

AISH Offset Printers, 9346338145, 9391110835